- The current system, whereby reserved seats are proportionately distributed among political parties, denies independent women candidates the opportunity to contest elections to them. Moreover, since only parties winning at least 5% general seats in the assemblies are entitled to the reserved seats, it denies women from smaller parties the opportunity to come into legislative assemblies.

### WOMEN IN CABINET

Despite the substantial enhancement of women's legislative representation after the 2002 elections, their representation in the federal and provincial cabinets is dismally low.

- In the federal cabinet, there are only 2 women out of a total of 27 members. Of these, one is a federal minister (for education), while the other is an advisor, with the status of a minister of state (on women's development, social welfare and special education).
- In the Sindh cabinet, there is only one woman minister (for population planning and women's development), out of a total of 17 members. Deputy Speaker of Sindh Assembly is also a woman.
- There are no women in the Punjab, NWFP or Balochistan cabinets

**Legislative Watch is produced by the Islamabad Office Legislative Watch Unit of Aurat Publication and Information Service Foundation.**
**Layout and design by Aurat Foundation's Resource Service & Documentation and Resource Centre (DRC)**
**Letters, opinions and contributions are welcome**
**Plesae write to House 16, Street 67, G-6/4, Islamabad.**
**Tel: (051) 2277512 - 2277547, Fax: (051) 2822060**
**Email: afrs@mail.comsats.net.pk**
**Printing funded by NORAD**

# عورتوں کیلئے مخصوص نشستیں: دفعات اور تجاویز

قانون ساز اداروں میں عورتوں کیلئے مخصوص نشستوں کا نظام شروع ہی سے پاکستان کے آئینی ڈھانچے کا حصہ رہا ہے۔ گذشتہ کئی دہائیوں میں اس میں بہت سی تبدیلیاں ہوئیں۔ یہ کسی نہ کسی شکل میں 1988 کے انتخابات کے بعد تک باقی رہا جب اس سے متعلقہ آئینی دفعہ کی معیاد ختم ہوگئی۔ اسکے بعد ایک طویل عرصے تک عورتوں کی مخصوص نشستیں بحال نہ ہوسکیں۔ بالاآخر 2002 ء میں فوجی حکومت نے کئی تبدیلیاں اور اضافوں کے ساتھ اس سلسلے میں آئینی ترمیم کو دوبارہ متعارف کرایا۔

## عورتوں کیلئے مخصوص نشستوں کی سابقہ آئینی دفعہ:

مخصوص نشستوں کیلئے سابقہ آئینی دفعہ کے تحت قانون ساز اداروں میں کل 830 نشستوں میں مجموعی طور پر 43 نشستیں (5.2 %) مختص کی گئی تھیں۔

- قومی اسمبلی میں کل 237 اراکین کے ایوان میں عورتوں کیلئے 20 مخصوص نشستیں (8.4 %) موجود تھیں جو متناسب نمائندگی کی بنیاد پر چاروں صوبوں کو تفویض کی گئی تھیں۔
- صوبائی اسمبلیوں میں 5 % مخصوص نشستوں کے تناسب کی بنیاد پر، پنجاب اسمبلی میں کل 260 اراکین کے ایوان میں 12 نشستیں (4.6 %)؛ سندھ اسمبلی میں کل 114 اراکین کے ایوان میں 5 نشستیں (4.4 %) ؛ سرحد اسمبلی میں کل 87 اراکین کے ایوان میں 4 نشستیں (4.6 %) اور بلوچستان اسمبلی میں کل 45 اراکین کے ایوان میں 2 نشستیں (4.4 %) عورتوں کیلئے مخصوص تھیں۔
- سینٹ میں کل 87 اراکین کے ایوان میں عورتوں کیلئے مخصوص نشستیں موجود نہیں تھیں۔
- مخصوص نشستیں عام انتخابات کے بعد پُر ہوتی تھیں: (الف) قومی اسمبلی میں عورتوں کی نشستیں جو صوبہ وار تقسیم کی گئی تھیں، متعلقہ صوبے سے منتخب ہونے والے قومی اسمبلی کے اراکین کے ووٹوں کے ذریعے پُر ہوتی تھیں۔ (ب) صوبائی اسمبلیوں میں ان نشستوں کو متعلقہ صوبے کے منتخب اراکین کے ووٹوں کے ذریعے پُر کیا جاتا تھا۔

## سیاسی کوششیں 93 - 1989:

عورتوں کیلئے مخصوص نشستوں کا پُرانا نظام مختلف وجوہات کی بنیاد پر سخت تنقید کا نشانہ بنا رہا۔ اولاً اس لئے کہ مخصوص نشستوں کا تناسب سراسر ناکافی تھا؛ دوئم سینٹ میں عورتوں کیلئے نشستیں مخصوص نہیں رکھی گئی تھیں اور سوئم اس لئے کہ مخصوص نشستوں پر عورتوں کا انتخاب پہلے سے منتخب شدہ اراکین کے ووٹوں کے ذریعے بالواسطہ طریقے سے کیا جاتا تھا جسکے نتیجے میں منتخب ہونے والی عورتیں کسی حلقہ انتخاب کے سامنے جوابدہ ہونے کی بجائے ان اسمبلیوں کے رحم و کرم پر ہوتی تھیں جن پر مردوں کا غلبہ تھا۔ ان مسائل کو حل کرنے کیلئے مختلف سرکاری اور غیر سرکاری سفارشات پیش کی گئیں لیکن عملاً ان میں سے کسی کو بھی سنجیدگی سے نہیں لیا گیا تاہم:

- 1989 میں پاکستان پیپلز پارٹی کی حکومت نے عورتوں کی مخصوص نشستوں پر ختم ہونے والی آخری آئینی دفعہ کی تجدید کیلئے ایک بل پیش کیا لیکن وہ اس پر پارلیمنٹ میں اتفاقِ رائے حاصل نہ کرسکی اور اسی اثناء میں اسکی حکومت برطرف ہوگئی۔
- 1993 میں پاکستان پیپلز پارٹی کی حکومت نے ایک نیا بل تیار کیا جس میں سینٹ میں عورتوں کیلئے 9 نشستیں مختص کی گئی تھیں اور قومی اسمبلی میں 25 لیکن صوبائی اسمبلیوں میں پہلے والا 5 % نشستوں کا تناسب برقرار رکھا گیا اور اِسی طرح ان تمام نشستوں کو پُر کرنے کا پہلے والا بالواسطہ طریقہ بھی باقی رکھا گیا۔
- پاکستان مسلم لیگ نے پیپلز پارٹی کی اس تجویز کے جواب میں دو متبادل تجاویز پیش کیں (i) پہلی تجویز میں مخصوص نشستوں کی مقدار میں دوگنا اضافہ، ان نشستوں پر انتخاب کیلئے عورتوں کو دوہرے ووٹ کا حق اور اس مقصد کیلئے پورے ملک کو بڑی بڑی حلقہ بندیوں میں تقسیم کرنا شامل تھا یا پھر (ii) دوسری تجویز میں کہا گیا کہ مخصوص نشستیں سیاسی جماعتوں کو عام انتخابات میں حاصل کردہ ووٹوں کی بنیاد پر تقسیم کی جائیں۔

## سول سوسائٹی کی کوششیں 1997 - 1994:

عورتوں کی مخصوص نشستوں کی بحالی اور ان میں اضافے کیلئے کوششوں کے چونکہ سرکاری سطح پر کوئی ٹھوس نتائج برآمد نہیں ہو رہے تھے اس لئے عورتوں اور انسانی حقوق پر کام کرنے والی کئی تنظیموں نے اس مسئلے کو مزید سمجھنے اور حل کرنے کی غرض سے زیادہ سرگرم اور منظم کوششوں کا آغاز کیا۔ ان کوششوں کے نتیجے میں بالاآخر مخصوص نشستوں کے ذریعے عورتوں کی سیاسی نمائندگی کے بعض بنیادی اصول تشکیل پائے جنھیں سیاست کے مرکزی دھارے میں عورتوں کی شمولیت کیلئے لازمی سمجھا گیا۔ یہ اصول مندرجہ ذیل تھے:

- مخصوص نشستوں کا تناسب ہر منتخب ادارے کی کل تعداد کا کم از کم 33 % لازماً ہونا چاہیے اور یہ نشستیں اضافی نشستوں کے طور پر رکھی جائیں۔
- مخصوص نشستیں تمام سطحوں اور اقسام میں موجود ہونی چاہئیں اور؛
- ان نشستوں پر انتخاب کا طریقہ لازمی طور پر ملک میں رائج انتخابی نظام کے مطابق ہونا چاہیے، یعنی قومی اور صوبائی اسمبلیوں کے معاملے میں یہ نشستیں لازماً حلقہ انتخاب کی بنیاد پر براہ راست انتخابات کے ذریعے مردوں اور عورتوں دونوں کے ووٹوں کے ذریعے پُر ہونی چاہئیں۔

## مزید اقدامات 1999 - 1997:

- 1997ء میں سرکاری طور پر قائم کردہ انکوائری کمیشن برائے خواتین کی رپورٹ میں عورتوں کی مخصوص نشستوں کے لئے وضع کردہ اصولوں کی توثیق کی گئی اور اس میں ان نشستوں کو پُر کرنے کیلئے تین ممکنہ انتخابی طریقے بھی تجویز کئے گئے۔
- ان اصولوں کو 1998 کے دوران 1500 سے زائد سول سوسائٹی کی تنظیموں اور ہزاروں افراد جن میں اراکین پارلیمنٹ، سیاستدان اور سیاسی جماعتوں کی ویمن ونگز کے عہدیدار شامل تھے کی وسیع تر حمایت اور توثیق حاصل ہوئی۔
- 1999 - 1998 کے دوران چاروں صوبائی اسمبلیوں نے متفقہ طور پر قراردادیں منظور کیں جن میں عورتوں کی مخصوص نشستوں کی بحالی اور ان میں اضافے کا مطالبہ کیا گیا؛ بعض نئی سیاسی جماعتوں نے 33% نمائندگی کے مطالبے کی توثیق کی اور بلدیاتی اداروں میں عورتوں کی مخصوص نشستوں میں خاطر خواہ اضافہ کیا گیا اگرچہ ان کے انتخاب کا طریقہ بدستور بالواسطہ ہی رہا۔
- 1999 کے شروع میں پاکستان پیپلز پارٹی نے جو اپوزیشن میں تھی ایک بل پیش کیا جسمیں سینٹ میں عورتوں کے لئے 9 نشستیں، قومی اسمبلی میں 40 اور صوبائی اسمبلیوں میں 20 % نشستیں مخصوص کرنے کی تجویز پیش کی گئی اور ان نشستوں کی سیاسی جماعتوں کے درمیان عام انتخابات میں حاصل کردہ ووٹوں کی بنیاد پر تقسیم کرنے کا طریقہ پیش کیا گیا۔ حکومت نے اس مسئلے پر کوئی پیش رفت ظاہر نہ کی تاآنکہ اکتوبر 1999ء میں فوجی مداخلت کے ذریعے حکومت برطرف ہوگئی۔

## حالیہ اقدامات 2002 - 2000:

- 2002ء میں فوجی حکومت نے مقامی حکومت کے اداروں میں عورتوں کی مخصوص نشستوں کے تناسب میں تقریباً 33 % اضافہ کیا لیکن اس نے ان نشستوں پر صرف یونین کونسل کی حد تک براہ راست طریقہ انتخابات متعارف کیا اور تحصیل اور ضلع کی سطح پر بالواسطہ طریقہ انتخاب برقرار رکھا۔
- مئی 2001ء میں وزارتِ ترقی خواتین کے زیر اہتمام ایک قومی مشاورت میں بھاری اکثریت کے ساتھ اس رائے کی توثیق کی گئی کہ تمام قانون ساز اداروں میں عورتوں کے لئے 33 % نشستیں مخصوص ہونی چاہئیں اور یہ نشستیں براہِ راست انتخابات کے ذریعے پُر ہونی چاہئیں۔
- فروری 2002ء میں ایک چیف ایگزیکٹیو آرڈر جاری کیا گیا، جسمیں کہا گیا کہ قومی اسمبلی میں عورتوں کیلئے 60 نشستیں مخصوص کی جائیں گی۔ اِن نشستوں کو جو صوبہ وار تقسیم کی گئیں، متناسب نمائندگی کے پارٹی لسٹ سسٹم کے ذریعے ان کل ووٹوں کی بنیاد پر پُر کیا جائے گا جو سیاسی جماعتیں متعلقہ صوبے میں عام نشستوں پر اپنے امیدواروں کے ذریعے حاصل کریں گی۔ صرف وہ سیاسی جماعتیں ان نشستوں میں حصہ کی حقدار ہوں گی جو کل ڈالے گئے ووٹ کا 10 % حاصل کرسکیں گی اور اگر صرف ایک جماعت یا کوئی بھی جماعت 10% ووٹ حاصل نہ کرسکے تو یہ تناسب 5 % تک کم کردیا جائے گا۔
- جون 2002ء میں پائیدار وفاقی جمہوریت کے قیام کیلئے اپنی دستاویز میں حکومت نے اس سلسلے میں عورتوں کی مخصوص نشستیں پُر کرنے کیلئے تین متبادل طریقے بھی پیش کئے (i) پہلا طریقہ وہی تھا جو چیف ایگزیکٹیو آرڈر میں دیا گیا تھا لیکن 10 % ووٹ والی شرط کو 5 % کردیا گیا (ii) متناسب نمائندگی کا پارٹی لسٹ سسٹم جس میں مخصوص نشستیں سیاسی جماعتوں کی کل حاصل کردہ عام نشستوں کی بنیاد پر تقسیم کی جائیں گی۔ اس میں صرف 5 % عام نشستیں حاصل کرنے والی جماعتیں ہی حصہ کی حقدار ہوں گی (iii) عورتوں کیلئے براہ راست انتخابات جسمیں ہر حلقہ انتخاب میں رائے دہندگان عورتوں کیلئے ایک مخصوص نشست پر اپنا اضافی ووٹ بھی ڈالیں گے۔ اس طریقہ میں مخصوص نشستوں پر جیت کی حقدار وہ امیدوار ہوں گی جو ہر صوبے میں مختص کردہ نشستوں کی مقدار کے مطابق سب سے زیادہ ووٹ حاصل کریں گی۔ اس دستاویز میں براہ راست انتخابات کو جمہوریت کا سب سے پائیدار طریقہ قرار دیا گیا۔
- آخر میں طریقہ نمبر (ii) کو منتخب کرتے ہوئے لیگل فریم ورک آرڈر میں شامل کیا گیا۔

### عورتوں کے لئے مخصوص نشستوں کی حالیہ دفعات

مخصوص نشستوں کا تناسب:

- نئی دفعہ کے تحت قانون ساز اداروں میں کل 1170 نشستوں میں مجموعی طور پر 205 نشستیں (17.5%) عورتوں کیلئے مختص کی گئی ہیں۔
- قومی اسمبلی: کل 342 نشستوں میں 60 نشستیں (17.5%) عورتوں کیلئے مخصوص کی گئی ہیں۔ (یہ 272 عام نشستوں اور 10 غیر مسلموں کی مخصوص نشستوں کے علاوہ ہیں)۔ ان میں سے 35 پنجاب کو تفویض کی گئیں، 14 سندھ کو، 8 سرحد کو اور 3 بلوچستان کو (فاٹا اور اسلام آباد میں عورتوں کیلئے کوئی نشست مخصوص نہیں کی گئی ہے)۔
- سینٹ: کل 100 نشستوں میں 17 نشستیں (17%) عورتوں کیلئے مخصوص کی گئی ہیں (یہ 66 عام نشستوں اور 17 ٹیکنوکریٹس/علماء کی نشستوں کے علاوہ ہیں)۔ ان میں سے 4 پنجاب کو دی گئیں، 4 سندھ کو، 4 سرحد کو، 4 بلوچستان کو اور ایک اسلام آباد کو (فاٹا کیلئے عورتوں کی کوئی نشست مخصوص نہیں کی گئی ہے)۔
- پنجاب اسمبلی: کل 371 نشستوں میں 66 نشستیں (17.8%) عورتوں کے لئے مخصوص کی گئی ہیں (یہ 297 عام نشستوں اور 8 غیر مسلموں کی مخصوص نشستوں کے علاوہ ہیں)۔
- سندھ اسمبلی: کل 168 نشستوں میں 29 نشستیں (17.3 %) عورتوں کیلئے مخصوص کی گئیں ہیں (یہ 130 عام نشستوں اور 9 غیر مسلموں کی مخصوص نشستوں کے علاوہ ہیں)۔
- سرحد اسمبلی: کل 124 نشستوں میں 22 نشستیں (17.7%) عورتوں کیلئے مخصوص کی گئیں ہیں (یہ 99 عام نشستوں اور 3 غیر مسلموں کی مخصوص نشستوں کے علاوہ ہیں)۔
- بلوچستان اسمبلی: کل 65 نشستوں میں 11 نشستیں (17%) عورتوں کے لئے مخصوص کی گئیں ہیں (یہ 51 عام نشستوں اور 3 غیر مسلموں کی مخصوص نشستوں کے علاوہ ہیں)۔

طریقہ انتخاب:

- سینٹ: عورتوں کی نشستوں کے ساتھ ساتھ عام اور ٹیکنوکریٹس/علماء کی نشستوں پر انتخاب متناسب نمائندگی کے نظام کے تحت واحد قابلِ تبدیل ووٹ کے ذریعے کیا جاتا ہے۔ صوبوں کو تفویض کردہ نشستوں کیلئے حلقہ انتخاب متعلقہ صوبوں سے منتخب صوبائی اسمبلیوں کے اراکین پر مشتمل ہے جبکہ اسلام آباد میں عورتوں کی واحد مخصوص نشست سمیت دیگر نشستوں کیلئے حلقہ انتخاب قومی اسمبلی کے اراکین پر مشتمل ہے۔
- قومی اور صوبائی اسمبلیاں: عورتوں کی نشستوں کے ساتھ غیر مسلموں کی نشستوں کو پُر کرنے کا طریقہ متناسب نمائندگی کے پارٹی لسٹ سسٹم کی بنیاد پر ہے جس میں ایک صوبے کو دی گئی مخصوص نشستیں متعلقہ انتخابات (قومی یا صوبائی) میں سیاسی جماعتوں کو کل حاصل کردہ عام نشستوں کی بنیاد پر تقسیم کی جاتی ہیں۔ صرف 5% عام نشستیں حاصل کرنے والی جماعتیں مخصوص نشستوں کی حقدار بنتی ہیں۔

# قانون ساز اداروں میں عورتوں کی موجودہ نمائندگی

اکتوبر 2002ء میں عام انتخابات اور فروری 2003ء میں سینٹ کے انتخابات کے بعد قومی اور صوبائی قانون ساز اداروں میں عورتوں کی نمائندگی کا تناسب پاکستان کی اب تک کی تاریخ میں سب سے زیادہ ہے۔ اسکی بنیادی وجہ ان تمام اداروں میں عورتوں کے لئے مخصوص نشستوں کی موجودگی ہے جس میں پہلی بار سینٹ میں بھی عورتوں کی مخصوص نشستیں شامل ہیں تاہم یہاں یہ ذکر کرنا بھی ضروری ہے کہ اکتوبر 2002ء کے انتخابات میں گذشتہ تمام انتخابات کے مقابلے میں عورتوں کی ایک ریکارڈ تعداد نے عام نشستوں پر انتخاب لڑا اور کامیابی حاصل کی۔

- اس وقت پاکستان کے تمام قانون ساز اداروں میں مجموعی طور پر کل 233 عورتیں موجود ہیں۔ 74 قومی اسمبلی میں، 18 سینٹ میں اور 141 چاروں صوبائی اسمبلیوں میں۔ اسطرح قومی اور صوبائی اسمبلیوں میں انکی نمائندگی کا مجموعی تناسب 19.9 % ہے (کل 1170 ارکان میں 233)۔ (1997-99 کے دوران ان کی نمائندگی مجموعی طور پر 787 ارکان میں صرف 11 تھی یعنی 1.4 %)
- اِن 233 خواتین اراکین میں: 205 عورتیں مخصوص نشستوں پر منتخب ہوئی ہیں؛ 25 نے عام نشستوں پر انتخاب جیتا ہے؛ دو خواتین غیر مسلموں کے لئے مخصوص نشستوں اور ایک ٹیکنوکریٹس کی مخصوص نشست پر پر منتخب ہوئی ہیں۔
- ان میں سے: 89 کا تعلق پاکستان مسلم لیگ (ق) سے ہے۔ 51 کا پاکستان پیپلز پارٹی پارلیمنٹیرینز سے، 35 کا متحدہ مجلس عمل سے؛ 14 کا پاکستان مسلم لیگ (ن) سے، 14 کا متحدہ قومی موومنٹ سے؛ 12 کا نیشنل الائینس سے؛ 4 کا پاکستان پیپلز پارٹی (شیر پاؤ) سے؛ 3 کا پاکستان مسلم لیگ (فنکشنل) سے؛ 2 کا پاکستان مسلم لیگ (جونیجو) سے؛ 2 کا پاکستان مسلم لیگ (جناح) سے، 2 کا عوامی نیشنل پارٹی سے؛ ایک کا بلوچستان نیشنل موومنٹ سے؛ ایک کا پاکستان پشتونخواہ ملی عوامی پارٹی سے؛ ایک کا جمہوری وطن پارٹی سے؛ ایک کا پاکستان پیپلز پارٹی پارلیمنٹیرینز (پیٹریاٹ) سے؛ اور ایک آزاد رکن ہیں۔ (انتخابات کے بعد 3 خواتین نے جو آزاد رکن کی حیثیت سے منتخب ہوئی تھیں ایک سیاسی جماعت میں شمولیت اختیار کی اور ایک خاتون رکن نے اپنی پارٹی وفاداری تبدیل کی)
- صوبائی اسمبلیوں کی 141 خواتین اراکین میں: 73 پنجاب صوبائی اسمبلی میں؛ 33 سندھ صوبائی اسمبلی میں؛ 23 سرحد اسمبلی میں اور 12 بلوچستان صوبائی اسمبلی میں ہیں۔

## قانون ساز اداروں میں عورتوں کی نمائندگی: ایک نظر میں

| | 1997 - 99 | 2002 - 2003 |
|---|---|---|
| مجموعی | 11/787 (1.4%) | 233/1170 (19.9%) |
| قومی اسمبلی | 7/217 (3.2%) | 74/342 (21.6%) |
| سینٹ | 2/87 (2.3%) | 18/100 (18.0%) |
| پنجاب اسمبلی | 1/248 (0.4%) | 73/371 (19.7%) |
| سندھ اسمبلی | 0/109 (0%) | 33/168 (19.6%) |
| سرحد اسمبلی | 1/83 (1.2%) | 23/124 (18.5%) |
| بلوچستان اسمبلی | 0/43 (0%) | 12/65 (18.5%) |

### قومی اسمبلی میں:

- اس وقت کل 342 اراکین کے ایوان میں 74 (21.6 %) خواتین اراکین ہیں۔(1997-99 کے دوران قومی اسمبلی میں انکی نمائندگی 217 کے ایوان میں 7 تھی یعنی 3.2 %)۔
- ان 74 خواتین اراکین میں: 60 عورتوں کی مخصوص نشستوں پر منتخب ہوئی ہیں؛ 13 عام نشستوں پر انتخاب جیت کر آئی ہیں اور ایک رکن غیر مسلموں کیلئے مخصوص نشستوں پر منتخب ہوئی ہے۔
- ان میں سے: 27 کا تعلق پاکستان مسلم لیگ (ق) سے ہے؛ 20 کا پاکستان پیپلز پارٹی پارلیمنٹیرینز سے؛ 13 کا متحدہ مجلس عمل سے؛ 4 کا نیشنل الائینس سے؛ 3 کا پاکستان مسلم لیگ (ن) سے؛ 3 کا متحدہ قومی موومنٹ سے؛ ایک کا پاکستان مسلم لیگ (فنکشنل) سے؛ ایک کا پاکستان مسلم لیگ (جونیجو) سے؛ ایک کا پاکستان مسلم لیگ (جناح) سے اور ایک آزاد رکن ہیں۔ (انتخابات کے بعد کے عرصے کے دوران ایک خاتون، جو آزاد رکن کی حیثیت سے منتخب ہوئی تھیں نے ایک سیاسی جماعت میں شمولیت اختیار کی)۔

### سینٹ میں:

- اس وقت کل 100 اراکین کے ایوان میں 18 (18.0 %) خواتین اراکین ہیں۔ (1997-99 کے دوران سینٹ میں انکی نمائندگی 87 کے ایوان میں 2 تھی یعنی 2.3%)
- 17 اراکین عورتوں کی مخصوص نشستوں پر منتخب ہوئی ہیں اور ایک ٹیکنوکریٹس کی مخصوص نشستوں پر۔
- ان میں سے: 10 کا تعلق پاکستان مسلم لیگ (ق) سے ہے، 2 کا متحدہ مجلس عمل سے، 2 کا متحدہ قومی موومنٹ سے؛ ایک کا پاکستان پیپلز پارٹی پارلیمنٹیرینز سے؛ ایک کا نیشنل الائینس سے؛ ایک کا پاکستان مسلم لیگ (ن) سے اور ایک کا پاکستان پیپلز پارٹی (شیر پاؤ) سے۔

### پنجاب اسمبلی میں:

- اس وقت کل 371 اراکین کے ایوان میں 73 (19.7 %) خواتین اراکین ہیں (1997-99 کے دوران پنجاب اسمبلی میں انکی نمائندگی 248 کے ایوان میں ایک تھی یعنی 0.4 %)
- ان 73 خواتین اراکین میں: 66 عورتوں کی مخصوص نشستوں پر منتخب ہوئی ہیں؛ 6 عام نشستوں پر انتخاب جیت کر آئی ہیں اور ایک غیر مسلموں کی مخصوص نشست پر منتخب ہوئی ہے۔
- ان میں سے: 42 کا تعلق پاکستان مسلم لیگ (ق) سے ہے؛ 14 کا پاکستان پیپلز پارٹی پارلیمنٹیرینز سے؛ 9 کا پاکستان مسلم لیگ (ن) سے؛ 3 کا نیشنل الائینس سے؛ 2 کا متحدہ مجلس عمل سے؛ ایک کا پاکستان مسلم لیگ (جناح) سے؛ ایک کا پاکستان مسلم لیگ (جونیجو) سے اور ایک کا پاکستان پیپلز پارٹی پارلیمنٹیرینز (پیٹریاٹ) سے (انتخابات کے بعد ایک خاتون رکن نے جو آزاد رکن کی حیثیت سے منتخب ہوئی تھیں ایک سیاسی جماعت میں شمولیت اختیار کی اور ایک خاتون رکن نے پارٹی وفاداری تبدیل کی)

### سندھ اسمبلی میں:

- اس وقت کل 168 اراکین کے ایوان میں 33 (19.6 %) خواتین اراکین ہیں۔ (1997-99 کے دوران سندھ اسمبلی میں انکی نمائندگی 109 کے ایوان میں صفر تھی یعنی 0 %)
- ان 33 خواتین اراکین میں: 29 عورتوں کی مخصوص نشستوں پر منتخب ہوئی ہیں اور 4 عام نشستوں پر انتخاب جیت کر آئی ہیں۔
- ان میں سے: 14 کا تعلق پاکستان پیپلز پارٹی پارلیمنٹیرینز سے ہے؛ 9 کا متحدہ قومی موومنٹ سے؛ 3 کا پاکستان مسلم لیگ (ق) سے؛ 3 کا نیشنل الائینس سے؛ 2 کا متحدہ مجلس عمل سے؛ اور 2 کا پاکستان مسلم لیگ (فنکشنل) سے۔

### سرحد اسمبلی میں:

- اس وقت کل 124 اراکین کے ایوان میں 23 (18.5 %) خواتین اراکین ہیں (1997-99 کے دوران سرحد اسمبلی میں انکی نمائندگی 83 کے ایوان میں ایک تھی یعنی 1.2%)
- ان 23 خواتین اراکین میں: 22 عورتوں کی مخصوص نشستوں پر منتخب ہوئی ہیں اور ایک عام نشست پر انتخاب جیت کر آئی ہیں۔
- ان میں سے: 13 کا تعلق متحدہ مجلس عمل سے ہے؛ 3 کا پاکستان پیپلز پارٹی (شیر پاؤ) سے؛ 2 کا پاکستان مسلم لیگ (ق) سے؛ 2 کا پاکستان پیپلز پارٹی پارلیمنٹیرینز سے؛ 2 کا عوامی نیشنل پارٹی سے اور ایک کا پاکستان مسلم لیگ (ن) سے۔

### بلوچستان اسمبلی میں:

- اس وقت کل 65 اراکین کے ایوان میں 12 (18.5 %) خواتین اراکین ہیں۔ (1997-99 کے دوران بلوچستان اسمبلی میں انکی نمائندگی 43 کے ایوان میں صفر تھی یعنی 0 %)
- ان 12 خواتین ارکین میں: 11 عورتوں کی مخصوص نشستوں پر منتخب ہوئی ہیں اور ایک عام نشست پر انتخاب جیت کر آئی ہیں۔
- ان میں سے: 5 کا تعلق پاکستان مسلم لیگ (ق) سے ہے؛ 3 کا متحدہ مجلس عمل سے، ایک کا نیشنل الائینس سے، ایک کا بلوچستان نیشنل موومنٹ سے، ایک کا جمہوری وطن پارٹی سے اور ایک کا پاکستان پشتونخواہ ملی عوامی پارٹی سے۔ (انتخابات کے بعد ایک خاتون رکن نے جو آزاد رکن کی حیثیت سے منتخب ہو کر آئی تھیں ایک سیاسی جماعت میں شمولیت اختیار کی)

## اسمبلیوں اور سینٹ میں خواتین اراکین کی پارٹی پوزیشن: انتخابات 2002 - 2003

| | قومی اسمبلی | سینٹ | پنجاب اسمبلی | سندھ اسمبلی | سرحد اسمبلی | بلوچستان اسمبلی | کل تعداد |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پاکستان مسلم لیگ (ق) | 27(5ع) | 10(1ٹ) | 42(4ع،1غ م) | 3 | 2 | 5(1ع) | **89** |
| پاکستان پیپلز پارٹی پارلیمنٹیرینز | 20(5ع) | 1 | 14(1ع) | 14(2ع) | 2 | - | **51** |
| متحدہ مجلس عمل | 13(1غ م) | 2 | 2 | 2 | 13 | 3 | **35** |
| پاکستان مسلم لیگ (ن) | 3 | 1 | 9(1ع) | - | 1 | - | **14** |
| متحدہ قومی موومنٹ | 3 | 2 | - | 9(2ع) | - | - | **14** |
| نیشنل الائینس | 4 (1ع) | 1 | 3 | 3 | - | 1 | **12** |
| پاکستان پیپلز پارٹی (شیر پاؤ) | - | 1 | - | - | 3(1ع) | - | **4** |
| پاکستان مسلم لیگ (فنکشنل) | 1 | - | - | 2 | - | - | **3** |
| پاکستان مسلم لیگ (جونیجو) | 1 | - | 1 | - | - | - | **2** |
| پاکستان مسلم لیگ (جناح) | 1 (ع) | - | 1 | - | - | - | **2** |
| عوامی نیشنل پارٹی | - | - | - | - | 2 | - | **2** |
| بلوچستان نیشنل موومنٹ | - | - | - | - | - | 1 | **1** |
| پاکستان پشتونخواہ ملی عوامی پارٹی | - | - | - | - | - | 1 | **1** |
| جمہوری وطن پارٹی | - | - | - | - | - | 1 | **1** |
| پاکستان پیپلز پارٹی پارلیمنٹیرینز (پیٹریاٹ) | - | - | 1 | - | - | - | **1** |
| آزاد | 1 (ع) | - | - | - | - | - | **1** |
| کل نشستیں | **74(13ع،1غ م)** | **18(1ٹ)** | **73(6ع،1غ م)** | **33(4ع)** | **23(1ع)** | **12(1ع)** | **233** |

تمام نشستیں ماسوائے جہاں ع، غ م اور ٹ کا اشارہ دیا گیا ہے عورتوں کیلئے مخصوص ہیں۔ ع=عام نشستیں، غ م=غیر مسلموں کیلئے مخصوص نشستیں، ٹ=ٹیکنوکریٹس کیلئے مخصوص نشستیں

# قانون سازی پر نظر

عورت پبلیکیشن
اینڈ انفارمیشن
سروس فاؤنڈیشن

## اداریہ

فروری 2003ء میں سینٹ کے انتخابات کے انعقاد کے ساتھ وہ انتخابی عمل بالآخراختتام پذیر ہواجو اکتوبر 2002ء میں عام انتخابات کے ساتھ شروع ہوا تھا۔ تاہم کئی متنازعہ اقدامات نے جمہوریت کی بحالی کے اس عمل کے متعلق شبہات کو جنم دیا ہے مثلاً انتخابات سے قبل صدارتی ریفرنڈم جسکے ذریعے فوج کے سربراہ مزید پانچ برسوں کیلئے صدر بن گئے؛ لیگل فریم ورک آرڈر 2002ء جسکے ذریعے صدر کو لامحدود اختیارات دیئے گئے؛ نیشنل سیکورٹی کونسل کا قیام جس میں چار فوجی سربراہان شامل ہیں اور انتخابات کے بعد کئی ایسے اقدامات جن کا مقصد اپنی مرضی کی حکومتیں قائم کرنا تھا۔

اس کے ساتھ ساتھ، کچھ مثبت اقدامات بھی اُٹھائے گئے ۔ان میں مخلوط انتخابی نظام کی بحالی، ووٹر کی عمر کو 21 سے گھٹا کر 18 سال تک کرنا اور قانون ساز اداروں میں عورتوں کیلئے مخصوص نشستوں کی بحالی شامل ہیں ۔آخرالذکراقدام میں عورتوں کی مخصوص نشستوں کی تعداد میں خاطرخواہ اضافہ اورملکی تاریخ میں پہلی بارسینٹ میں عورتوں کیلئے نشستیں مختص کرنا شامل ہیں۔

چنانچہ 03-2002 کے انتخابات کے نتیجے میں پاکستان کی اب تک کی تاریخ میں سب سے زیادہ تعداد میں عورتیں قانون ساز اداروں میں داخل ہوئی ہیں۔ لیکن سیاست میں کیفیتی تبدیلی کے اعتبار سے یہ حقیقت سب سے زیادہ اہم ہے کہ مخصوص نشستوں کی تعداد میں خاطرخواہ اضافے کے باوجودعورتوں کی ایک ریکارڈ تعداد نے اس مرتبہ براہ راست انتخابات کے ذریعے عام نشستوں پر انتخابات میں حصہ لیا اور کامیابی حاصل کی۔ سیاسی عمل میں عورتوں کی شمولیت کے اس پہلو نے اِس مفروضے کا بھی خاتمہ کر دیا کہ عورتیں سیاست کے مرکزی دھارے میں آنے کیلئے تیار یا آمادہ نہیں، یا پھر وہ ابھی تک حلقہ کی بنیاد پر انتخابی سیاست میں حصہ لینے کے قابل نہیں۔ یہ اس حقیقت کا بھی اظہار ہے کہ سیاسی جماعتیں اورعوام دونوں سیاست میں عورتوں کے کردار کی اہمیت کو پہلے سے زیادہ تسلیم کرنے لگے ہیں۔

اگرچہ عورتوں کے سیاسی حقوق کے حوالے سے پیش رفت ہوئی ہے، تاہم یہ عورتوں کے بااختیار ہونے کی جدوجہد کی جانب محض ایک قدم ہے۔عورتوں کے معاشی، سماجی وثقافتی، قانونی اور سیاسی حقوق سے متعلق بہت سے اہم معاملات ابھی حل طلب ہیں ۔ قانون ساز اداروں میں عورتوں کی پہلے سے بہتر نمائندگی بلاشبہ مسائل کے حل کے اس عمل کو آگے بڑھانے میں معاون ثابت ہوگی، اس سلسلے میں کوئی غیر حقیقی توقعات وابستہ نہیں کی جانی چاہئیں۔ کابینہ کی سطح پر خواتین کی تعداد نہ ہونے کے برابر ہے؛ قانون ساز اداروں میں اُن کی نمائندگی ابھی بھی اُس کم ازکم تعداد سے بہت نیچے ہے جو کہ صورتِ حال کو تبدیل کرنے کیلئے درکار ہوتی ہے اور مخصوص نشستوں کے لئے بالواسطہ طریقہ انتخاب نے سیاسی جماعتوں میں انکی تابع حیثیت کو برقرار رکھا ہے۔ مزید برآں، ایک مؤثر قوت بننے کیلئے خواتین اراکین اسمبلی کو نہ صرف اپنی مجموعی طاقت بڑھانا ہوگی بلکہ انہیں مسائل کو اُجاگر کرنے کیلئے علم اور مہارت بھی حاصل کرنا ہوگی۔ یہ سب کرنے میں وقت لگے گا ۔خواتین اراکین اسمبلی کو اپنی کوششوں کی ابتداء اور اُنہیں جاری رکھنے کیلئے بنیادی ذمہ داری خود اُٹھانا ہوگی تاہم یہ سیاسی جماعتوں کی قیادت، ریاستی اداروں اور سول سوسائٹی کی تنظیموں اور گروپوں سمیت تمام حلقوں کا فرض بنتا ہے کہ وہ اِن کوششوں پر اُن کی حمایت کریں ۔صرف اِسی صُورت ہم صنفی برابری کے اپنے مقصد کو حاصل کرنے کی اُمید کرسکتے ہیں۔

## سیاست میں خواتین: رکاوٹیں اور راہیں

2002-2003ء کے انتخابات کے نتیجے میں پاکستان کے قومی اور صوبائی قانون ساز اداروں میں کُل 233 خواتین منتخب ہوئی ہیں اور اس طرح ان اداروں میں ان کی نمائندگی کا تناسب مجموعی طور پر تقریباً 20 فیصد تک پہنچ گیا ہے جو کہ مُلک میں اب تک ہونے والے انتخابات میں سب سے زیادہ ہے۔ اس سے یقیناً ان توقعات میں اضافہ ہوا ہے کہ عورتوں سے متعلق اہم معاملات جو اسمبلیوں میں ایک عرصے سے نظرانداز کئے جا رہے تھے اب حل ہونا شروع ہو جائیں گے۔

یہ امر حوصلہ افزاء ہے کہ بہت سی خواتین اراکین اسمبلی نے ابھی سے ان مسائل کو اُٹھانے میں گہری دلچسپی کا اظہار کیا ہے۔ لیکن اصل کام جو آگے درپیش ہے آسان نہیں ہے اور انہیں کئی سخت آزمائشوں کا سامنا ہے، جو درج ذیل ہیں: (i) حکومت یا سیاسی جماعتوں میں فیصلہ سازی کی سطح پر بہت کم خواتین ہیں؛ (ii) پارٹی قیادت کی طرف سے نامزد ہونے کی بنا پر مخصوص نشستوں پر منتخب خواتین کو اپنا نقطۂ نظر منوانے میں مشکل پیش آسکتی ہے؛ (iii) انہیں عورتوں اور سیاسی جماعتوں کی جانب سے اکثر متضاد مطالبات کا سامنا کرنا پڑے گا اور اس سلسلے میں مشکل فیصلے بھی کرنے پڑیں گے کیونکہ عورتوں اور سیاسی جماعتوں کے موقف اور ترجیحات میں بہت فرق ہوسکتا ہے؛ (iv) مختلف پس منظر، سیاسی وابستگیاں اور تجربات رکھنے کیوجہ سے اہم امور کی ترجیح بندی اور ان پر اتفاق رائے حاصل کرنا اُنکے لئے ایک آزمائش ہوگی؛ (v) خواتین اراکین اسمبلی کی ایک بڑی تعداد کا سیاست ، قانون سازی یا عورتوں کے حقوق سے متعلق معاملات میں کوئی زیادہ تجربہ یا پسِ منظر نہیں ہے اور (vi) انہیں بعض حلقوں کی جانب سے غیر ضروری تنقید اور گھسی پٹی آراء کے اضافی دباؤ کا سامنا بھی کرنا پڑے گا۔ ان بہت سے چیلنجوں سے نمٹنے کیلئے خواتین اراکین اسمبلی کو منظم و مربوط کوششیں کرنا ہونگی۔

- **اجتماعی قوت پیدا کرنا:**

ایک مؤثر قوت بننے کیلئے انہیں بین الجماعتی روابط استوار کرنا ہوں گے اور قومی اور صوبائی سطح پر ان اتحادوں کو وسیع البنیاد فورمز کی رسمی شکل دینا ہوگی۔ ان فورمز کو ایک سازگار ماحول میں بے تکلفانہ بحث مباحثے، معلومات اور تجربات کے تبادلے، علم میں اضافے اور مشترکہ مؤقف اور ترجیحات اپنانے اور حکمتِ عملیاں اختیار کرنے کے مواقع پیدا کرنے چاہئیں ۔صرف اسی مشترکہ کاوش کے ذریعے خواتین اراکین اسمبلی اس قابل ہوسکیں گی کہ وہ اسمبلیوں اور اپنی سیاسی جماعتوں کے اندر قوانین اور پالیسیوں پر اثر انداز ہونے کیلئے مناسب دباؤ ڈال سکیں۔

- **فرائض اور اختیارات کے بارے میں آگاہی:**

خواتین اراکین اسمبلی عورتوں کے حقوق سے متعلق مسائل تو ظاہر ہے اٹھائیں گی تاہم انہیں یہ کوشش کرنی چاہئے کہ وہ ایسے مسائل تک محدود ہوکر نہ رہ جائیں جنکا تعلق صرف




عورتوں سے ہو۔ انہیں درحقیقت تمام سرکاری پالیسیوں میں صنفی پس منظر کی شمولیت کو یقینی بنانا ہوگا تاکہ عورتوں کے معاملات اور ترجیحات کی تمام شعبوں مثلاً معیشت، زراعت، تعلیم، صحت ، نکاسی آب، محنت ، رہائش وغیرہ میں عکاسی ہو۔ انہیں معاشرے کے دوسرے تمام محروم طبقات کے حق میں آواز بلند کرنے کیلئے بھی کوششیں کرنا ہوں گی۔

- **سیکھنے کا مسلسل عمل:**

سیکھنا ہمشہ جاری رہنے والا عمل ہونا چاہیے جس میں یہ امور شامل ہوں؛ آئین؛ قانون/پالیسی سازی کے طریقہ کار؛ اسمبلیوں کے قواعد وضوابط اور کمیٹیوں، حکومتی اور ریاستی اداروں کے کام کرنے کے طریقے، عورتوں سے متعلق اہم امور، قوانین اور پالیسیاں اور انکے ساتھ ساتھ متعلقہ بین الاقوامی معاہدے اور بڑی موجودہ پالیسیاں اور پروگرام ۔ ان سب کا احاطہ کرنے کیلئے انہیں سیکھنے کے اس عمل میں تنظیم، ترجیحات کی نشاندہی اور ذمہ داریوں کی تقسیم کرنا ہوگی۔ وہ اندرونی مطالعاتی گروپ قائم کرسکتی ہیں اور مخصوص شعبوں کیلئے تجربہ کار ماہرین کی خدمات بھی حاصل کرسکتی ہیں۔

- **مہارتوں میں اضافہ:**

اسمبلیوں اور سیاسی جماعتوں کے اندر مؤثر طریقے سے دباؤ بڑھانے اور ٹھوس نتائج حاصل کرنے کیلئے انہیں راہنمائی ، پیروکاری ، ابلاغیات ،منصوبہ بندی اور پالیسی سازی کی مہارتوں میں اضافے کیلئے کوششیں کرنی چاہئیں ۔

- **اہم روابط بڑھانا:**

معلومات کے حصول اور تبادلے کیلئے اور اپنی حمایت کی بنیاد وسیع کرنے کیلئے انہیں لازمی طور پر مندرجہ ذیل اداروں کے ساتھ روابط پیدا کرنے اور بڑھانے ہوں گے: اپنی سیاسی جماعتوں کے ویمن ونگز؛ اہم وزارتیں مثلاً ترقی خواتین اور قانون، انصاف اور انسانی حقوق کی وزارت؛ اہم ادارے مثلاً قومی کمیشن برائے خواتین ، پاکستان لاء کمیشن وغیرہ؛ غیر سرکاری تنظیمیں، عورتوں اور انسانی حقوق کے گروپ؛ مخصوص مفاداتی گروپ اور پیشہ ورانہ انجمنیں وغیرہ۔

- **بعض فوری اقدامات:**

بعض فوری نتائج حاصل کرنے کیلئے وہ چند ایک ایسے معاملات کی نشاندہی کرسکتی ہیں جنکو بیشتر سیاسی جماعتوں نے فوری طور پر حل کرنے کیلئے اپنے منشور میں شامل کیا ہے مثلاً عورتوں کے خلاف تشدد، بالخصوص غیرت کے نام پر قتل۔ انہیں مخصوص نشستوں پر منتخب ہونے والی خواتین کو ملنے والے فنڈز کو مشترکہ طور پر جمع اور خرچ کرنے کے طریقے وضع کرنے چاہئیں اور پھر یہ بھی یقینی بنانا چاہئے کہ یہ فنڈز چند حلقوں کی بجائے پورے ملک میں عورتوں کے فائدے کیلئے استعمال ہوں جیسا کہ بعض خواتین اراکین اسمبلی نے تجویز کیا ہے۔